# سیکھنے سکھانے کے حلقوں کا

# جدول



08 جون، 2023

# سیکھنے سِکھانے کے حلقوں کا جدول

**(1)**: مختلف موضوعات پر مختصر بیان: 5منٹ **(2)**:دُعا یاد کرنا: 5منٹ **(3)**: جائزہ: 5منٹ۔ **کل دورانیہ: 15 منٹ**

آج سیکھنے سکھانے کے **حلقوں** میں **مسجد کی بے ادبی** کے موضوع پر مفید ترین معلومات دی جائیں گی اور **گھر سے نکلتے وقت کی دعا** یاد کروائی جائے گی۔ آخر میں **نیک اعمال** کے رسالے سے اجتماعی جائزہ لیا جائے گا۔اِنْ شَآءَ اللّٰہُ الْکَرِیْم!

## درود شریف کی فضیلت

**فرمانِ آخری نبی، رسولِ ہاشمی** صلی اللہ عَلَیْہِ وَ آلِہٖ وَسَلَّم: جو مجھ پر ایک بار درودِ پاک پڑھتا ہے اللہ پاک اُس کے لئے ایک قیراط اجر لکھتا ہے اور قیراط اُحد پہاڑ کے برابر ہے۔(8)

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْب! صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّد

## مسجد کی بے ادبی

### مسجد کی بے ادبی کی چند مثالیں

۞ مسجد میں لڑائی جھگڑا، ہنسی مذاق،گالی گلوچ، شور وغل وغیرہ کرنا ۞ مسجد میں دُنیوی باتیں کرنا ۞ مسجد میں کسی طرح آلودگی یا بدبو پھیلانا(مثلاً کچا گوشت، کچی مچھلی یا کوئی بدبُودار چیز مسجد میں لانا یا کھا کر مسجد میں آنا) ۞ وُضُو کے بعد اَعْضا سے ٹپکتے ہوئے پانی کے قطرے فرشِ مسجد پر گِرانا وغیرہ ۔

---

8...مصنف عبدالرزاق، باب مایذھب الوضوء من الخطایا، جلد: 1، صفحہ: 40، حدیث: 153۔

## مسجد کی بے ادبی کے متعلق چند احکام

(۱): مسجد کی بے حُرمتی حرام اور جہنّم میں لے جانے والا کام ہے۔[8] (2): سیدی اعلیٰ حضرت رَحمۃُ اللہ عَلَیْہ فرماتے ہیں: مسجدِ میں شور و شَر کرنا حرام ہے اور دُنیوی بات کے لئے مسجد میں بیٹھنا حرام اور نماز کے لئے جاکر دُنیوی تذکرہ مسجد میں کرنا مکروہ ہے۔[8] (3): ہر وہ چیز جس میں ایسی بُو ہو جو لوگوں کو بُری لگے (مثلاً کچی مچھلی، کچا گوشت وغیرہ) اسے مسجد میں لے جانا یا (ایسی چیز مثلاً کچا پیاز، کچا لہسن وغیرہ) کھا کر مسجِد میں جانا ہر گز جائِز نہیں۔[8] (4): بے سَتْری کے ساتھ (یعنی مرد کا ناف سے گھٹنے کے درمیان جسم کا کوئی حِصّہ کھلا ہو، ایسی حالت میں) مسجد میں جانا شرعاً ناجائِز ہے۔[8] (5): گُناہ (مثلاً گالی گلوچ، غیبت، چغلی، جھوٹ، بد نگاہی، میُوزِک سننا وغیرہ) ہر جگہ گُناہ ہے، جب مسجد میں کیا جائے تو سخت گُناہ ہے۔[8] (6): فنائے مسجد (یعنی مسجد سے ملی ہوئی وہ جگہ جو ضروریاتِ مسجد مثلاً وُضو خانے، امام و مؤذّن کے حجرے یا جُوتا اُتارنے وغیرہ کے لئے ہو، اس) کا اَدَب بھی مسجد ہی کے جیسا ہے۔[8] (7): فنائے مسجد میں بھی تھوکنے، ناک صاف کرنے، نجاست ڈالنے، بیہودہ باتیں کرنے، قہقہے سے ہنسنے کی اجازت نہیں۔[8] (7): حِفْظِ مسجِد (یعنی مسجد کو بےادبی سے بچانے) کا ہر مسلمان مکلف (یعنی پابند) ہے۔ جو مسجد کی بےادبی پر راضی ہو یا خاموش رہے گُناہ گار ہے۔[8] لہٰذا ہر ایک پر لازم ہے کہ مسجد کو پاگلوں، بہت چھوٹے بچوں، لڑائی جھگڑوں اور موبائل کی

---

8…فتاویٰ رضویہ، جلد:16، صفحہ:507 مفصلاً۔
8…فتاویٰ رضویہ، جلد:8، صفحہ:112۔
8…فتاویٰ فقیہ ملت، جلد:1، صفحہ:193 بتغیر قلیل۔
8…فتاویٰ فیض الرسول، جلد:2، صفحہ:372۔
8…وقار الفتاویٰ، جلد:2، صفحہ:333 بتغیر قلیل۔
8…فتاویٰ رضویہ، جلد:20، صفحہ:474 بتغیر قلیل۔
8…فتاویٰ رضویہ، جلد:16، صفحہ:495 بتغیر قلیل۔
8…فتاویٰ رضویہ، جلد:16، صفحہ:382 خلاصۃً۔

میوزیکل ٹُون وغیرہ سے محفوظ رکھنے کی پُوری کوشش کرے۔ **(9):** مسجد کی تَطْہِیْر و تَنْظِیْف یعنی اسے پاک صاف رکھنا ہر مسلمان پر واجب ہے۔(8)

## آیت مبارکہ

/□□β϶#∀□□□□϶□6
β϶□Σ6⁄λκ⊥□⁄∀≤↓□6□∀
□□ρθυτ∀ | □ | □□⊃2∞,□
| □□□∀□γφε∀ (پارہ:1، سورۃ البقرہ:114)

ترجمہ کنزُالعرفان: اور اس سے بڑھ کر ظالم کون ہوگا جو اللہ کی مسجدوں کو اس بات سے روکے کہ ان میں اللہ کا نام لیا جائے اور ان کو ویران کرنے کی کوشش کرے۔ انہیں مسجدوں میں داخل ہونا مناسب نہ تھا مگر ڈرتے ہوئے۔ ان کے لئے دنیا میں رسوائی ہے اور ان کے لئے آخرت میں بڑا عذاب۔

مشہور مفسر قرآن، حکیم الاُمَّت مفتی احمد یار خان نعیمی رحمۃ اللہ علیہ اس آیت کے تحت فرماتے ہیں: اس سے معلوم ہوا جس چیز سے مسجِد کی جماعت کم ہو، وہ منع ہے کیونکہ یہ وِیرانی کی کوشش ہے۔ اسی لئے مسجد میں بدبودار چیزیں لے جانا حرام ہے، کچا لہسن، کچا پیاز کھا کر، حُقّہ یا سگریٹ پی کر (مُنہ سے بدبُو دور کئے بغیر) وہاں جانا جائز نہیں کیونکہ اس سے مسلمانوں کو تکلیف ہوگی اور وہ مسجد میں آنا چھوڑ دیں گے۔(8)

## فرمانِ مصطفےٰ صلی اللہ عَلَیْہِ وَ آلِہٖ وَسلَّم

لوگوں پر ایسا زمانہ آئے گا کہ وہ مسجدوں میں حلقہ بنا کر بیٹھیں گے اُن کا مقصد صرف دنیا ہی ہوگا (لہٰذا جب وہ زمانہ آئے تو) تم ایسے لوگوں کے ساتھ مت بیٹھنا کیونکہ اللہ پاک کو اُن سے کوئی کام نہیں۔

---

8…فتاویٰ اجملیہ، جلد:2، صفحہ:400۔
8…تفسیر نعیمی، پارہ:1، سورۃ البقرہ، زیر آیت:114، صفحہ:655 خلاصۃً۔

(8)

## مسجد کی بے ادبی کے گناہ میں مبتلا کر دینے والے بعض اسباب

(1):عِلْمِ دین کی کمی (2):جلد بازی (مثلاً رکعت نکل جانے کا خوف ہو تو لوگ جلد بازی میں دوڑ کر جماعت سے ملنے کی کوشش کرتے ہیں، جلد بازی ہی میں اعضائے وُضُو سے پانی خشک کئے بغیر یونہی بازو ہلاتے، فرشِ مسجد پر قطرے ٹپکاتے چلے جاتے ہیں) (3): خوفِ خُدا کی کمی(4):فضول گوئی اور ہنسی مذاق کی عادَت ۔

## مسجد کی بے ادبی سے بچنے کے لئے

۞علمِ دین حاصل کیجئے!(خصوصاً مسجد کے آداب اور دیگر فرض عُلُوم تو لازمی سیکھ لیجئے!) ۞ جلد بازی سے بچئے، باوقار شخصیت بنیئے! ۞اذان ہوتے ہی مسجد میں پہنچ جانے کی عادَت بنا لیجئے! اِنْ شَآءَ اللہُ الْکَرِیْم! ثواب بھی ملے گا اور اس کی برکت سے مسجد میں جلد بازی کی نَوْبت ہی نہیں آئے گی ۞دِل میں خوفِ خُدا بڑھائیے! خصوصاً مسجد کی بےادبی کے دُنیوی و اُخْرَوِیْ وَبَال کو ہمیشہ پیشِ نظر رکھئے! ۞فضول گوئی اور ہنسی مذاق کی عادَت بہت نقصان دہ ہے، اسے چھوڑ دیجئے!

**نوٹ** :مسجد کے آداب اور اس بارے میں تفصیلی احکام و مسائِل سیکھنے کے لئے *. شیخِ طریقت، امیر اہلسنت دامت برکاتہم العالیہ کا

---

8…المستدرك علی الصحیحین، کتاب الرقاق، جلد:5، صفحہ:461، حدیث:7986۔

رسالہ **مسجدیں خوشبو دار رکھئے** *. مدنی مذاکرے کا تحریری رسالہ **مسجد کی صفائی کی فضیلت** اور *. مکتبۃ المدینہ کی کتاب **بہارِ شریعت** جلد: 1،حصہ :3،صفحہ:638تا651پڑھئے۔

## سیکھنے سکھانے کے حلقوں میں یاد کروائی جانے والی دُعا

### گھر سے نکلتے وقت کی دعا

بِسۡمِ اللّٰہِ تَوَکَّلۡتُ عَلَی اللّٰہِ لَاحَوۡلَ وَلَاقُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہ

**ترجمہ:** اللہ پاک کے نام سے،میں نے اللہ پاک پر بھروسا کیا گناہ سے بچنے کی قوت اور نیکی کرنے کی طاقت اللہ پاک ہی کی طرف سے ہے۔ (8)

## اجتماعی جائزے کا طریقہ (72نیک اعمال)

### یومیہ 56 نیک اعمال:

(1)اچھی اچھی نیتیں کیں؟(2)پانچوں نمازیں باجماعت ادا کیں؟(3)ہر نماز سے قبل نماز کی دعوت دی؟(4)رات میں سُوْرَۃُ الْمُلک پڑھ یا سن لی؟(5)ہر نماز کے بعد آیۃُ الکرسی، تسبیحِ فاطمہ، سُوْرَۃُ الْاِخلاص پڑھی؟(6)کنزُالایمان سے 3آیات یا صِراطُ الجنان سے 2 صفحات مع ترجمہ و تفسیر پڑھ یا سن لئے؟(7)شجرے کے اوراد پڑھے؟(8)313بار دُرُود شریف پڑھے؟(9)آنکھوں کو گناہوں سے بچایا؟(10)کانوں کو گناہوں سے بچایا؟(11)فضول نظری سے بچتے ہوئے نگاہیں نیچی رکھیں؟(12)12منٹ مکتبۃ المدینہ کی اصلاحی کتاب پڑھی؟(13)اذان و اقامت کا جواب دیا؟(14)غصے کا علاج کیا؟(15)اپنا جائزہ کیا؟(16)اپنے نگران کی اطاعت کی؟(17)آپ اور جی کہہ کر بات کی؟(18)مدرسۃ المدینہ بالغان میں پڑھا، یا پڑھایا؟(19)عشاء کی جماعت سے دو گھنٹے میں گھر پہنچ گئے؟(20)دو گھنٹے دینی کاموں پر صَرف کئے؟(21)فجر کے لئے جگایا؟(22)دوسروں کے گھروں میں جھانکنے سے بچے؟(23)گھر درس ہوا؟(24)مسجد درس دیا یا سُنا؟(25)سنّت کے مطابِق لباس پہنا؟(26)زُلفیں رکھنے کی سنّت پر عمل ہے؟(27)ایک مشت داڑھی ہے؟(28)گناہ ہونے کی

---

8…ابوداؤد، کتاب الادب، باب مایقول اذا خرج من بیتہ، صفحہ:796، حدیث:5095، مدنی پنج سورہ، صفحہ:205۔

صورت میں فوراً توبہ کی؟(29) سنّت کے مطابِق کھانا کھایا؟(30) مسلمانوں کو سلام کیا؟(31) کچھ نہ کچھ سنتوں پر عمل کیا؟(32) ظہر کی سنتِ قبلیہ فرض سے پہلے ادا کیں؟(33) تَہَجُّد یا صلوۃُ اللیل پڑھی؟(34) اَوّابِین یا اِشْراق و چاشت پڑھیں؟(35) عصر یا عشا کی سنتِ قبلیہ پڑھیں؟(36) 12 دینی کاموں میں سے ایک دینی کام کی ترغیب دلائی؟(37) دوسروں سے مانگ کر چیزیں تو استعمال نہیں کیں؟(38) جھوٹ، غیبت اور چغلی سے بچے؟(39) کچھ نہ کچھ وقت مَدَنی چینل دیکھا؟(40) ذاتی دوستی تو نہیں کی؟(41) وقت پر قرض ادا کر دیا؟(42) عاجزی کے ایسے الفاظ تو نہیں بولے جن کی تائید دل نہ کرے؟(43) صفائی اور سلیقے کا خیال رکھا؟(44) مسلمانوں کے عُیُوب کی پردہ پوشی کی؟(45) بعد فجر تفسیر سننے/سنانے کے حلقے میں شرکت کی؟(46) کچھ نہ کچھ جائز کام سے پہلے بِسْمِ اللہ پڑھی؟(47) چوک درس دیا یا سنا؟(48) والدین اور پیر و مرشد کو ایصالِ ثواب کیا؟(49) اِسْرَاف سے بچے؟(50) ٹریفک قوانین کی پابندی کی؟(51) تنظیمی طریقہ کار کے مطابِق مسئلہ حل کیا؟(52) زبان کے گناہوں سے بچے؟(53) فضول باتوں سے بچے؟(54) مذاق مسخری، طنز، دل آزاری اور قہقہہ لگانے سے بچے؟(55) عمامہ شریف باندھا؟(56) ماں باپ کا اَدَب کیا؟

## قفلِ مدینہ کارکردگی

*لکھ کر گفتگو 12 مرتبہ *اشارے سے گفتگو 12 مرتبہ *نگاہیں گاڑے بغیر گفتگو 12 مرتبہ۔

## ہفتہ وار 9 نیک اعمال

(57) اسلامی بہنوں کے ہفتہ وار اجتماع میں کسی نہ کسی اسلامی بہن کو گھر سے بھیجا؟(58) ہفتہ وار مَدَنی مُذاکَرہ دیکھا یا سنا؟(59) ہفتہ وار اجتماع میں اوّل تا آخر شرکت ہوئی؟(60) یومِ تعطیل اِعْتِکَاف کیا؟(61) مریض یا دکھیارے کی عیادت یا غم خواری اور کسی کے انتقال پر تعزیت کی؟(62) ہفتے میں کسی بھی دن روزہ رکھا؟(63) ہفتہ وار رسالہ پڑھا یا سنا؟(64) علاقائی دورہ کیا؟(65) پہلے آنے والے اور اب نہ آنے والے اسلامی بھائی کو دینی ماحول سے وابستہ کیا؟